**29-05-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

----------------------------------

Music

----------------------------------

☆ لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم اپنے عروج پر پہنچ گئی ہے۔ اب انتخابی مہم کا صرف ایک دن باقی ہے۔ جن ریاستوں میں انتخابات ہونے ہیں وہاں موسم کی شدت کے باوجود بڑے لیڈروں نے کئی ریلیاں کیں۔

☆ درجہ بندی سے متعلق اہم ایجنسی S&P گلوبل نے پچھلے پانچ برسوں میں زبردست ترقی کی بنیاد پر بھارت کے منظرنامے کو مثبت قرار دیا ہے۔

☆ DRDO نے اڈیشہ میں ہوا سے زمین سے پر وار کرنے والے میزائل Rudra M-II کی کامیاب آزمائش کی ہے۔

☆ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ کل سے گرمی کی شدت میں راحت کا امکان ہے۔ شمال مشرق میں سمندری طوفان Remal کے سبب زبردست بارش اور زمین کے تودے کھسکنے کے سبب عام زندگی متاثر ہوئی ہے۔

☆ اور مکے بازی میں، اَنکوشیتابورو اور نشانت بینکاک میں پیرس اولمپک کے دوسرے عالمی کوالیفائر کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

----------------------------------

(Music)

----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں اور آخری مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں اب صرف ایک دن باقی رہ گیا ہے اور انتخابی مہم اپنے عروج پر ہے۔ اس مرحلے میں سات ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے چنڈی گڑھ کے 57 پارلیمانی حلقوں میں ہفتے کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس مرحلے میں کُل 904 امیدوار میدان میں ہیں۔ اترپردیش اور پنجاب کی 13-13، مغربی بنگال کی 9، بہار کی 8، اڈیشہ کی 6، ہماچل پردیش کی 4، جھارکھنڈ کی تین اور

مرکز کے زیرِ انتظام علاقہ چنڈی گڑھ کی ایک سیٹ کیلئے ایک جون کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ اڈیشہ کی 42 اسمبلی سیٹوں کیلئے بھی انتخابات ہوں گے۔

کئی ریاستوں میں موسم کی ناموافق صورتحال کے باوجود سبھی سیاسی پارٹیوں کے بڑے لیڈر کئی ریلیاں کر رہے ہیں۔وزیر اعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے آج مغربی بنگال اور اڈیشہ میں ریلیوں سے خطاب کیا۔ مغربی بنگال میں وزیر اعظم نے متھراپور میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ آج سبھی لوگ بھارت کو احترام سے دیکھتے ہیں اور ایسا اِس لئے ممکن ہوپایا کیونکہ لوگوں نے مرکز میں BJP کی قیادت والی NDA حکومت کے اقتدار کیلئے ووٹ دیا۔ بعد میں انھوں نے اڈیشہ کے میورBھنج، کیندر پاڑا اور بالاسور میں بھی ریلیوں سے خطاب کیا۔ بالاسور میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور اڈیشہ میں ووٹروں کے جوش اور خروش کو دیکھنے کے بعد اُنہیں اِس بات کا یقین ہے کہ مرکز میں تیسری مرتبہ مضبوط مودی سرکار بنے گی۔

S/B PM

کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی بالاسور میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے وزیر اعظم مودی پر حملہ کیا اور انہیں غریب مخالف اور کسان مخالف قرار دیا۔ انھوں نے حکومت کی جانب سے مرکزی تحقیقاتی ایجنسیوں کے غلط استعمال کا بھی الزام لگایا۔

S/B Mallikarjun Kharge

بہار میں BJP کے سینئر لیڈر راجناتھ سنگھ نے آج وِکرم گنج، اورنگ آباد اور بکسر میں عوامی جلسے کئے۔ لوک جن شکتی پارٹی رام ولاس کے سربراہ چراغ پاسوان نے ساسارام پارلیمانی حلقے میں چناری میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔

اترپردیش میں سبھی سیاسی پارٹیوں کے اہم لیڈروں نے ووٹروں کو راغب کرنے کیلئے انتخابی مہم کی۔BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر امت شاہ نے ریاست میں ایک مصروف دن گزارا اور چار ریلیاں اور ایک روڈ شو کیا۔ انھوں نے مہاراج گنج اور روبرس گنج میں ریلیاں کیں۔ بلیا میں ایک ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ اب ملک میں کوئی دہشت گرد کچھ بھی کرنے کی ہمت نہیں کرتا کیونکہ وہ جانتا ہے کہ مرکز میں مودی کی سرکار ہے۔

S/B 2100 Amit Shah

شام کو امت شاہ نے غازی پور میں ایک روڈ شو کیا۔ اترپردیش کے وزیرِ اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کشی نگر میں ایک سیاسی ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ صرف BJP ہی ملک کے سرحدوں کی حفاظت کرنے کی اہل ہے۔ انھوں نے بعد میں دیوریا میں انتخابی مہم کی اور گورکھپور میں ایک بڑا روڈ شو کیا۔

راشٹریہ شوشت سماج پارٹی کے لیڈر اور سابق وزیر سوامی پرساد موریا نے بھی کشی نگر میں انتخابی مہم کی۔ وہ نوتشکیل شدہ اپنی پارٹی کے نشان پر اِس سیٹ سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔

سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے دودھی اسمبلی حلقے میں پارٹی امیدوار کیلئے چناؤ مہم کی جہاں انتخابات کے اِس مرحلے میں سیٹ کیلئے ضمنی انتخاب ہوگا۔ انھوں نے رابرٹس گنج اور مرزا پور لوک سبھا حلقوں میں بھی ریلیوں سے خطاب کیا۔ ان کی اہلیہ ڈمپل یادو نے کشی نگر میں ایک روڈ شو کیا۔

کانگریس کے سینئر لیڈر راہل گاندھی نے آج پنجاب کے لدھیانہ اور پٹیالہ میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ اگر آئی این ڈی آئی اے بلاک اقتدار میں آ گیا تو وہ کسانوں کے قرضے معاف کر دے گا۔

ہماچل پردیش میں کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے منڈی پارلیمانی حلقے کے ایک حصے کلّو میں آج ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ پچھلے موسم برسات میں منڈی لوک سبھا حلقے کو انتہائی نقصان کا سامنا کرنا پڑا۔ BJP کے سینئر لیڈر نتن گڈکری نے ہمیر پور پارلیمانی حلقے میں عوامی جلسے سے خطاب کیا۔x

## S&P Ootlook

S&P عالمی درجہ بندی نے معیشت کے تعلق سے بھارت کے منظرنامے کو مستحکم درجے سے بڑھا کر مثبت درجے پر ہونے کی بات کہی ہے۔ ایجنسی نے توقع ظاہر کی ہے کہ اقتصادی اصلاحات اور مالیاتی پالیسیوں کے اعتبار سے وسیع تر سلسلہ جاری رہے گا خواہ انتخابات کے نتائج کچھ بھی ہوں۔ 26 ستمبر 2014 سے ایجنسی نے معیشت کے تعلق سے بھارت کے منظرنامے کو مستحکم درجے پر قرار دیا ہے۔ 10 سال کے وقفے کے بعد اِس کا درجہ بڑھا کر مستحکم درجے پر ہونے کی بات کی گئی ہے۔

ایک بیان میں S&P عالمی درجہ بندی نے کہا ہے کہ مثبت منظرنامہ اِس نظریے کو ظاہر کرتا ہے کہ پالیسی کے تعلق سے جاری استحکام، اقتصادی اصلاحات کا فروغ اور بنیادی ڈھانچے میں زیادہ سرمایہ کاری سے طویل مدتی ترقی کے امکانات برقرار رہیں گے۔

اس کے علاوہ، محتاط مالی اور مالیاتی پالیسی جو حکومت کے بڑھتے ہوئے قرضوں اور سود کے بوجھ کو کم کرتی ہے اور اقتصادی مزاحمت کو فروغ بھی دیتی ہے، اگلے 24 ماہ میں اعلیٰ ترین درجہ بندی کی جانب پیشرفت کرسکتی ہے۔ اس مثبت منظرنامے کے پیچھے جو منطق کار فرما ہے اُس میں اقتصادی ترقی میں زبردست اضافہ، سرکاری اخراجات کے معیار میں بہتری، مالی استحکام کے تئیں سیاسی عزم، اگلے تین برسوں میں GDP کے سات فیصد سالانہ کے آس پاس تک توسیع، بھارت میں بنیادی ڈھانچے اور کنیکٹی ویٹی میں بہتری، عام سرکاری خسارے کے تعلق سے اندازے کا مالی برس 2028 تک، مالی برس 2025 میں سات اعشاریہ نو فیصد سے گھٹ کر چھ اعشاریہ آٹھ ہوجانا شامل ہے۔ البتہ ایجنسی نے Sovereign درجہ بندی کو BBB منفی پر ہی رکھا ہے جس کی وجہ مالیاتی نظام کی زدپذیری قرار دیا گیا ہے۔x

## DRDO Rudra

دفاعی تحقیق وترقی کی تنظیم DRDO نے آج اڈیشہ میں بھارتی فضائیہ کے Su-30 ایم کے-1 پلیٹ فارم سے فضاء سے زمین پر وار کرنے والے میزائل Rudra M-II کی کامیاب آزمائشی پرواز کی۔ وزارت دفاع نے کہا کہ آزمائشی پرواز نے آزمائش کے تمام مقاصد حاصل کئے ہیں۔ Rudra M-II ملک میں تیار کردہ Solid-Propelled فضاء سے لانچ کرنے والا میزائل نظام ہے۔ اس میزائل نظام میں DRDO کی مختلف لیباریٹریوں کے ذریعے بڑی تعداد میں اندرونِ ملک تیار جدید ترین ٹیکنالوجیوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ وزیر دفاع نے Rudra M-II کی کامیاب آزمائشی پرواز پر DRDO، بھارتی فضائیہ اور صنعت کو مبارکباد دی ہے۔

انھوں نے کہا کہ اِس کامیاب آزمائش نے، مسلح افواج کو کئی گنا قوت فراہم کرنے کے طور پر، Rudra M-II نظام کے کردار کو مستحکم کیا ہے۔ DRDO کے چیئرمین ڈاکٹر سمیر وی کامت نے کامیاب آزمائشی پرواز کیلئے سخت کاوشوں اور تعاون کیلئے DRDO کے ٹیم کی ستائش کی ہے۔x

## UN Peacekeeping

بھارتی فوج نے آج نئی دلّی کے قومی وار میموریل پر شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرکے اقوام متحدہ کے قیام امن سے متعلق فوجیوں کے 76ویں بین الاقوامی دن کو یاد کیا۔ فوج کے نائب سربراہ لیفٹینیٹ جنرل راکیش کپور، اقوام متحدہ کے اہلکار اور وزارتِ دفاع اور وزارتِ خارجہ کے اہلکاروں نے اِس موقع پر گل دائرے نذر کئے۔ یہ دن اقوام متحدہ کے قیامِ امن کے مشن UNTSO کی یادگار ہے جس کا آغاز 1948 میں فلسطین میں ہوا تھا۔ اقوام متحدہ کے قیامِ امن کے فوجیوں کے اخلاص اور ہمت کے تئیں عالمی سطح پر خراجِ عقیدت پیش کیا گیا اور جن لوگوں نے قیامِ امن کیلئے اپنی جانیں قربان کیں اُنہیں یاد کیا گیا۔

اقوام متحدہ کے قیام امن کی فوج میں تعاون فراہم کرنے والے ایک بڑے ملک کی حیثیت سے بھارت میں مختلف مشنوں کیلئے تقریباً دو لاکھ 87 ہزار فوجی مہیا کئے۔ اس طرح کے مشن کیلئے 160 فوجیوں نے اپنی جانیں قربان کیں۔ نئی دلّی میں واقع اقوام متحدہ کے قیامِ امن کی فوج کا مرکز ہر سال 12 ہزار فوجیوں کو تربیت دیتا ہے اور اُنہیں بین الاقوامی سطح پر بہترین طریقۂ کار سکھاتا ہے۔ فی الوقت، بھارتی فوجی 9 ملکوں میں تعینات ہیں۔x

## SBI - GDP Growth

SBI کے اقتصادی تحقیق کے یونٹEcowrap Note کا کہنا ہے کہ مالی سال 24-2023 کی چوتھی سہ ماہی میں بھارت کی مجموعی گھریلو پیداوار، GDP کی سات اعشاریہ 4 فیصد شرح نمو کا امکان ہے۔ سرکاری شعبے کے بینک کے تحقیقاتی یونٹ کا کہنا ہے کہ مالی سال 2024 کی GDP کا 8 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے۔ منگل کے روز جاری کردہ رپورٹ، بھارت کے ریزرو بینک کے مالی سال 2024 کی چوتھی سہ ماہی کیلئے تخمینوں کے مطابق ہے۔ RBI کے تخمینوں کے مطابق مالی سال 2025 کی پہلی سہ ماہی کیلئے GDP کی اصلی شرح کی پیشگوئی 7 اعشاریہ تین فیصد کی گئی ہے جو کہ 7 اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ ہے نیز مکمل مالی سال 2025 کی اقتصادی شرح نمو کیلئے سات فیصد کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

یہ بات قابل ذکر ہے کہ مالی سال 2024 میں بھارت کی اقتصادی شرح، تیسری سہ ماہی میں آٹھ اعشاریہ چار فیصد، دوسری سہ ماہی میں سات اعشاریہ چھ فیصد اور پہلی سہ ماہی میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد رہی ہے۔ حکومت چوتھی سہ ماہی نیز مالی سال کیلئے GDP کے تخمینوں کا، 31 مئی 2024 کو اعلان کرے گی۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات نے پیشگوئی کی ہے کہ شمال مغربی اور وسطی بھارت میں جاری گرمی کی انتہائی شدت

میں کل سے کمی آنے کی توقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے اطلاع دی ہے کہ جنوب مغربی ہوائیں بحر عرب سے شمال وسطی بھارت کی طرف رواں ہیں، جو درجۂ حرارت کو نیچے لانے میں مدد دے رہی ہیں۔

ادھر دلّی کے عوام کو آج شام ہلکی بارش کے بعد شدید ترین گرمی سے کچھ راحت ملی۔ موسمیات کے محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ کیرالہ میں جنوب مغربی مانسون کے آجانے کی وجہ سے صورتحال کے سازگار بنے رہنے کا امکان ہے۔ مزید یہ کہ یہ مانسون اگلے دو تین دن میں شمال مشرقی ریاستوں کے کچھ حصوں میں پیشرفت کرے گا۔x

## Mandaviya Heat Wave

ملک بھر میں انتہائی شدید گرمی کی لہر کے پیش نظر مرکزی وزیرصحت ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے لوگوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ بار بار پانی پیتے رہیں اور گرمی سے خود کو محفوظ رکھنے کیلئے اپنے جسم کو ہائیڈریڈ کرتے رہیں۔ سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ کئی مقامات سے گرمی کی لہر میں اضافے کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔ انھوں نے لوگوں سے اِس بات کی بھی اپیل کی کہ اگر ضروری نہ ہو تو اپنے گھروں سے باہر نہ نکلیں۔x

## J&K Forest Fire

جموں و کشمیر کے، جموں ڈویژن کے اُودھم پور ضلعے کے جنگلوں میں لگی آگ میں جنگلاتی زندگی سمیت جنگلاتی وسائل کا بڑے پیمانے پر نقصان ہوا۔آکاشوانی کے جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ اودھم پور اور جموں ضلعوں کے درمیان دارسُو جنگلاتی علاقے میں منگل کے روز لگی آگ، اب پانچ سے چھ مربع کلو میٹر رقبے میں پھیل گئی ہے۔ رہائشیوں نے آگ بجھانے کیلئے بھارتی فضائیہ کے ہیلی کاپٹروں کی مدد مانگی ہے۔ آگ پر قابو پانے میں محکمۂ جنگلات اور مقامی افراد کی کوششیں ناکام ثابت ہو رہی ہیں اور آگ نئے علاقوں میں پھیلتی جا رہی ہے۔

آگ لگنے کی وجوہات کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا ہے تاہم مقامی افراد کو شبہ ہے کہ یہ آگ شرپسندوں کی لگائی ہوسکتی ہے۔ x

## Pakistan Accident

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں آج ایک تیز رفتار بس کے سڑک سے پھسل کر کھائی میں گر جانے سے ہوئے حادثے میں کم از کم 28 افراد ہلاک ہوگئے۔ گوادر سے کوئٹہ جا رہی اِس بس کو یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا جب بس کا ایک ٹائر پھٹ گیا۔ زخمیوں کو باسمہ سول اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔پاکستان کے وزیر اعظم شہباز شریف اور بلوچستان کے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اِس دردناک حادثے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ x

## SC Kejriwal

آج سپریم کورٹ نے دلی کے وزیراعلیٰ اروند کجریوال کی عبوری ضمانت میں توسیع کرنے سے متعلق درخواست کی فوری سماعت کرنے سے انکار کر دیا۔ انہوں نے اپنے کچھ طبی ٹیسٹ اور جانچ کی بنیاد پر عبوری ضمانت میں سات

دن کی توسیع کی درخواست کی تھی۔ کجریوال کی درخواست کو ساعت کے لیے منظور کرنے سے انکار کرتے ہوئے سپریم کورٹ کی رجسٹری نے کہا کہ انہیں باقاعدہ ضمانت کے لیے ذیلی عدالت سے رجوع کرنے کی چھوٹ دی گئی ہے، لہٰذا اُن کی یہ درخواست قابل قبول نہیں ہیں۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس دیپانکر دتّہ نے اِس مہینے کی دس تاریخ کو دلی کے وزیرِاعلیٰ کی عبوری ضمانت کی درخواست منظور کی تھی اور اُن سے کہا گیا تھا کہ وہ دو جون کو تہاڑ جیل میں خودسپردگی کر دیں۔بینچ نے، دلّی کی آبکاری اسکیم سے متعلق کھپلے سے تعلق رکھنے والے PMLA کے ایک معاملے میں ED کے ذریعے اُن کی گرفتاری کے جواز کو کجریوال کے ذریعے چیلنج کرنے سے متعلق فیصلے کو 17 مئی کو محفوظ کرلیا تھا۔ عرضداشت کو قبول کرنے سے انکار کرتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے کہا کہ چونکہ گرفتاری کو چیلنج کرنے سے متعلق فیصلہ پہلے سے ہی محفوظ ہے، اس لیے عبوری ضمانت کی توسیع کیلئے کجریوال کی عرضداشت کا کوئی تعلق اصل عرضداشت سے نہیں ہے۔x

## Chhattisgarh Encounter

چھتیس گڑھ کے بیجاپور میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک تصادم میں ایک خاتون باغی سمیت دو ماؤنواز ہلاک ہوئے۔ یہ تصادم Madded علاقے کے Baddepara کے جنگلات میں آج صبح پیش آیا۔ خاتون ماؤنواز پر آٹھ لاکھ روپئے کے اعلان تھا جو اِس تصادم میں ہلاک ہوئی۔ پولیس نے جائے موقعہ سے دو ہتھیاروں سمیت مہلوک ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی ہیں۔x

## Summer Fiesta 2024

اسکولی تعلیم اور خواندگی کے محکمے کے سکریٹری سنجے کمار نے آج نئی دلّی کے قومی بال بھون میں ایک ماہ تک جاری رہنے والے 'Summer Fiesta 2024' کا افتتاح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے جناب کمار نے نوجوان ذہنوں کی پرورش میں اِس طرح کے تعاملی اور اختراعی پروگراموں کی اہمیت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ مستقبل میں کامیاب ہونے کی غرض سے تعلیم کے ساتھ ساتھ، ہم نصابی سرگرمیاں بھی بچوں کیلئے یکساں اہمیت کی حامل ہیں۔ مزید برآں، انھوں نے بچوں پر زور دیا کہ وہ اپنے اندر تجسس کو فروغ دیں اور اپنے اطراف کی اشیاء کی جستجو کریں۔ Summer Fiesta، ایک مہینے تک جاری رہنے والا کیمپ ہے جس میں پانچ سے سولہ سال تک کی عمر کے بچوں کیلئے مختلف قسم کی 30 سے زیادہ سرگرمیاں انجام دی جائیں گی۔

یہ تخلیقی اور اسٹیج پیشکش پر مبنی آرٹس، سائنس اور دیگر شعبوں میں اختراعی سرگرمیوں اور وابستگی کا موقع فراہم کرتا ہے۔ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ ہر ایک بچہ تلاش وجستجو اور سیکھنے کیلئے کچھ نہ کچھ تلاش کرتا ہے۔ اس تقریب میں سرکردہ فنکار اور مہمان بھی شامل ہوں گے جو اِن خصوصی پروگراموں میں شرکت کریں گے اور اپنے اپنے فن کا زبردست مظاہرہ کریں گے اور اپنے تجربات کا بیان کریں گے۔x

## MOU Emigrate

وزارتِ خارجہ، الیکٹرانکس اور معلوماتی ٹیکنالوجی کی وزارت اور عام خدمات کے مراکز ای-گورنینس سروسز انڈیا لمیٹڈ نے ملک میں CSC کے ذریعے، ای-مائی گریٹ خدمات فراہم کرنے کیلئے آج ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے۔ ای-مائیگریٹ پروجیکٹ کا مقصد بنیادی طور پر اُن Blue-collar ورکروں کو مدد فراہم کرنا ہے جو اُن ملکوں کی طرف سفر کر رہے ہیں جہاں ایمیگریشن چیک کی ضرورت پڑتی ہے۔ الیکٹرانکس اور معلوماتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے کہا کہ اِس پروجیکٹ کا تصور، مائیگرینٹ ورکروں کو درپیش مسائل پر توجہ مرکوز کرنا ہے۔ اس میں ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر، ایمیگریشن کے عمل کو بلا رکاوٹ آن لائن بنانا اور بیرونی آجروں کو اس سے وابستہ کرنا نیز بھرتی کرنے والے ایجنڈوں اور بیمہ کمپنیوں کا اندراج کرنا بھی شامل ہے۔ تاکہ محفوظ اور قانونی مائیگریشن کو فروغ دیا جاسکے۔x

## Health Secy Geneva

صحت کے مرکزی سکریٹری اَپوروا چندرا نے کہا ہے کہ بھارت، صحت کی عالمی تنظیم کے ساتھ تعاون سے، سب کیلئے اعلیٰ معیاری طبی مصنوعات تک فوری رسائی کو یقینی بنانے کی غرض سے ادویہ کے ضابطہ جاتی نظام کو مزید مستحکم کرنے کا ارادہ رکھتاہے۔ جنیوا میں 77ویں عالمی صحت کی اسمبلی کے مکمل اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جناب چندرا نے کہا کہ پردھان منتری جن آروگیہ یوجنا، جو دنیا کی سب سے بڑی صحت بیمہ اسکیم ہے، 300 ملین سے زیادہ مستفیدین کو، ہر سال فی خاندان چھ ہزار امریکی ڈالر کا صحت کور فراہم کر رہی ہے۔ جناب چندرا نے کہا کہ پچھلی دہائیوں میں پیدائش کے وقت اموات کی شرح، MMR اور نوزائیدہ بچوں کی اموات کی شرح، IMR میں نمایاں کمی سامنے آئی ہے۔ اسلئے بھارت پائیدار ترقیاتی شرح نمو کے نشانے حاصل کرنے کی راہ پر گامزن ہے۔

انھوں نے مزید کہا کہ بھارت عالمی تال میل کیلئے ڈیجیٹل سرکاری اشیاء میں ایک لائٹ ہاؤس ملک کے طور پر ابھرا ہے۔x

## FICCI Cold Chain Summit

کامرس اور صنعت کے بھارتی چیمبروں کی فیڈریشن FICCI نے آج نئی دلّی میں Cold Chain اور لاجسٹک سربراہ کانفرنس کی۔ اس کانفرنس کا مقصد، بھارت کی Perishable اشیا کی صنعت کیلئے ایک مربوط، پائیدار اور قابل عمل Cold Chain ماحولیاتی نظام تیار کرنے میں شراکت داری اور اختراعات کو فروغ دینا ہے۔ اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کامرس اور صنعت کی وزارت کے DPIIT محکمے کے جوائنٹ سکریٹری ڈاکٹر سریندر اہیروار نے کہا کہ Cold Chain اور لاجسٹک کے شعبے پر تبادلۂ خیال وقت کی ضرورت ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اِس تبادلۂ خیال سے وسیع تر شعبوں میں لاجسٹک نظام کی نئی تاریخ متعین کرنے میں مدد ملے گی جس میں ادویہ سازی، غذا، تیل اور پھولوں کا سیکٹر شامل ہے۔

ملک بھر سے مختلف صنعتی سیکٹروں سے تعلق رکھنے والے 250 مندوبین اِس کانفرنس میں حصہ لے رہے ہیں۔x

## India Chair Colombo Process

بھارت نے، 2024-26 کیلئے Colombo Process کی صدارت کی ذمہ داری سنبھالی ہے۔ بھارت نے اس کی صدارت، اِس کے آغاز کے بعد سے پہلی مرتبہ سنبھالی ہے۔ بھارت، تحفظ، باضابطہ اور قانونی نقل مکانی کو فروغ دینا چاہتا ہے۔ کولمبو پروسیس، جنوبی اور جنوب مغربی ایشیا سے آنے والے مہاجر ورکروں کا ایک علاقائی مشاورتی عمل ہے۔ یہ بیرون ملک روزگار سے متعلق بہترین عوام کے تبادلے کیلئے ایک فورم کے طور پر کام کرتا ہے۔ x

## Badminton

بھارت کی بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو سنگاپور اوپن BWF سپر 750 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے خواتین کے سنگل زمرے کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئی ہیں۔ انھوں نے دنیا کی نمبر 21 کھلاڑی Line Kjaersfeldt کو سیدھے سیٹوں میں اکیس-بارہ، بائیس-بیس سے ہرایا۔

البتہ مردوں کے سنگل میں لکشیہ سین اور کیدامبی سری کانت پہلے راؤنڈ میں ہی باہر ہوگئے۔x

## Rev. Boxing World Qualifier

تھائی لینڈ کے بینکاک میں عالمی اولمپکس کوالیفائر میں بھارت کی Ankushita Boro (60 کلو گرام) آج قزاخستان کی مکّے باز کو چار-ایک سے ہراکر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ نشانت دیو (71 کلوگرام) بھی، تھائی لینڈ کی Peerapat Yeasungnoen کو پانچ-صفر سے شکست دے کر کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

اُدھر Arundhati چودھری نے 66 کلو گرام کے زمرے میں شاندار جیت حاصل کرکے پری-کوارٹر فائنل میں اپنی جگہ بنا لی ہے۔ چودھری نے، Puerto Rico کی Stephanie Pienerio کے خلاف پہلے راؤنڈ میں اپنے مقابلے کا آغاز کیا۔ وہ دوسرے راؤنڈ میں کچھ محتاط رہیں کیونکہ انھوں نے اپنے حق میں پانچ-صفر کی جیت حاصل کرنے کیلئے اگلے راؤنڈ میں پہنچنے سے قبل اپنی پوزیشن مستحکم کرلی تھی۔

ایک اور بھارتی کھلاڑی نریندر Berwal (+92 کلوگرام) نے ایکواڈور کی Gerion Gilmar Congo Chala کے خلاف سخت مقابلہ کیا لیکن یہ اگلے راؤنڈ میں پہنچنے کیلئے کافی نہیں تھا۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆